ادارہ

مسافرانِ آخرت

☆معروف شاعر اور محقق، ہمارے مہربان جناب جعفر بلوچ ۲۷؍اگست ۲۰۰۸ء کو لاہور میں رحلت فرما گئے۔

☆بزرگ شاعر اور عالم دین، حافظ محمد ظہور الحق، راول پنڈی میں ۱۹؍اگست ۲۰۰۸ء کو انتقال فرما گئے۔ وہ ''نقیبِ ختم نبوت'' کے قدیم قلمی رفقاء میں سے تھے۔ منفرد اسلوب کے شاعر اور نثر نگار محمد اظہار الحق، حافظ صاحب کے فرزند ہیں۔

☆ہمارے کرم فرما معروف افسانہ نگار، محقق اور نقاد جناب جاوید اختر بھٹی (ملتان) کے بڑے بھائی ریاض احمد خان مرحوم ۲۶؍اگست ۲۰۰۸ء کو اچانک انتقال کر گئے۔

☆مشہور عالم دین، جامعہ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے مہتمم اور سابق جہادی رہنما مولانا قاری محمد اشرف ۳۰؍اگست کو انتقال کر گئے۔ ان کی نماز جنازہ چک نمبر ۶۰۔ ای بی، عارف والا میں ادا کی گئی۔ جس میں علاقہ سے علماء کرام اور دینی کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مجلس احرار اسلام اور دار العلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے اساتذہ نے بھی شرکت کی۔

☆ملتان میں ہمارے کرم فرما جناب محمد نعیم نقوی کی اہلیہ مرحومہ ☆جناب پروفیسر محمد نواز خان (مہربان کالونی، ملتان) کی اہلیہ مرحومہ

☆سندوعہ (ضلع گجرات) میں ہمارے مہربان ڈاکٹر وسیم چودھری کے سسر اور ساس مرحومین

☆جناب شیخ محمد اقبال صاحب (مہربان کالونی، ملتان) کے جواں سال فرزند ٹریفک کے حادثے میں انتقال کر گئے۔

☆راولپنڈی میں ہمارے مہربان جناب محمد ناصر صاحب کے چھوٹے بھائی محمد طاہر مرحوم (انتقال: ۹؍رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ مطابق ۱۰؍ستمبر ۲۰۰۸ء)

☆چیچہ وطنی کی مشہور فلاحی تنظیم ''الحمد رد فاؤنڈیشن'' کے رہنما اور مجلس احرار اسلام کے معاون جناب نیامت علی شرافت، انتقال: ۲۲؍ستمبر ۲۰۰۸ء، مرحوم جماعت کی سالانہ ختم نبوت کانفرنس چیچہ وطنی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔

☆اٹلی میں مقیم ساہیوال سے تعلق رکھنے والے صحافی جناب ڈاکٹر جاوید کنول کے بھائی جعفر جاوید ۳؍اگست کو ایک حادثے میں انتقال کر گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ رمضان المبارک میں اپنی خصوصی دعاؤں میں انھیں یاد رکھیں۔ حق تعالیٰ سب کی مغفرت اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

دعاءِ صحت

ہمارے بہت ہی شفیق اور مہربان بزرگ، مجلس احرار اسلام لیاقت پور کے امیر اور حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ کے شاگردِ رشید جناب قاری ظہور رحیم عثمانی مدظلہ گزشتہ چند ماہ سے علیل ہیں۔ احباب اُن کی صحت یابی کے لیے خصوصی دعاء فرمائیں۔ (ادارہ)